# انجائِنا ادوِیات

## کے مُتعلق عمُومی علم



Drug Office
Department of Health

## طرز زندگی کا مشورہ



- تمباکُو نوشی چھوڑیں۔
- صحت مند وزن برقرار رکھیں۔
- مُتوازن غذا کھائیں۔
- ورزش باقاعدگی سے کریں۔
- مناسب آرام کریں اور تناؤ سے نپٹنے کا انتظام کریں۔

یہ معلُوماتی کتابچہ محض حوالہ کے لیے ہے۔
ڈاکٹروں اور فارمسسٹ کی ہدایت کے مُطابق ادوِیات کا اِستعمال کیا جانا چاہیے۔

تفتیش کے لیے، براہِ مہربانی اپنے ڈاکٹر، ڈِسپنسری عملہ یا دِیگر صحت سے مُتعلق پیشہ ور افراد سے رابطہ کریں۔

اپنی ادوِیات کی دُوسروں کے ساتھ شراکت نہ کریں۔

## گلیسرائیل ٹرینیٹریٹ سبلینگیوئل ٹیبلٹس کی سٹوریج




- ٹیبلٹس کو نمی، روشنی اور حرارت سے بچانے کے لِیے اصل شیشے کے کنٹینر میں محفوظ کریں۔ کھلنے کے بعد روئی کو بوتل میں مت رکھیں۔
- ٹیبلٹس اپنے بدن کے قریب رکھنے سے گریز کریں کیونکہ آپ کے جسم کی حرارت ان کو خراب کرسکتی ہے۔
- کھلنے کے 8 ہفتوں بعد کوئی بھی غیر اِستعمال شدہ ٹیبلٹس ضائع کردیں۔ جب آپ سب سے پہلے بوتل کو یاد دہانی کے طور پر کھولیں گے تو آپ تاریخ لکھ سکتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ایمرجنسی کی صورت میں آپ کے پاس کافی ٹیبلٹس موجود ہوں۔
- ادوِیات بچوں کی پُہنچ سے دُور رکھیں۔

# سبیلینگیوئل گلیسرائیل ٹرینیٹریٹ کے اِستعمال سے مُتعلق مشورہ


- اگر عَلامات ظاہِر ہوں تو ٹیبلٹس ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔
- سر درد، چکر آنا اور چہرہ تمتماہٹ دوا لینے کے بعد ظاہِر ہوسکتا ہے، مگر عام طور پر کچھ ہی منٹوں میں کم ہو جاتا ہے۔ اگر ضِمنی اثرات برقرار رہتے ہیں یا بدتر ہوتے جاتے ہیں تو فورا ہی طبی مدد حاصل کریں۔
- فوراً اپنے ڈاکٹر سے رُجوع کریں اگر آپ کو الرجی کا کوئی سامنا ہو جیسے جِلد کی خارش، چہرے یا ہاتھوں میں سوجن اور سانس لینے میں دُشواری محسوس ہو۔
- گلیسیریل ٹرینیٹریٹ صرف انجائنا سے نجات کے لِیے مُوثر ہے۔ انجائنا کے حملوں سے بچنے کے لیے، ہِدایت کے مُطابق مستقل ادوِیات لیں۔ اپنے ڈاکٹر سے مشاورت کریں اگر اینجائنا کے حملے زِیادہ کثرت سے ہوجاتے ہیں۔
- اپنے ڈاکٹر یا فارمسسٹ کو ان ادویات کے مُتعلق بتائیں جو آپ لے رہے ہوں، بشمول نُسخے کی ادوِیات، بغیر نسخہ ادوِیات اور وٹامنز۔



## اگر آپ کو سِینے میں درد ہوتا ہے تو:

1 جیسے ہی عَلامات ظاہِر ہوں تو گلیسرائیل ٹرینیٹریٹ سبلینگویئل ٹیبلٹ استعمال کریں۔

2 چکر آنے یا سر درد سے بچنے کے لیے، دوا اِستعمال کرنے سے پہلے بیٹھ جائیں۔



3 ایک ٹیبلٹ زبان کے نِیچے رکھیں جب تک کہ یہ مکمل طور پر تحلِیل نہ ہوجائے۔ اگر آپ کا مُنہ خُشک ہے تو، پانی کا ایک گھُونٹ ٹیبلٹ کو بہتر تحلِیل کرنے میں مدد کرتا ہے۔

4 ٹیبلٹ کو مت نگلیں یا چبائیں۔ اگر آپ غلطی سے اسے نگل لیں تو، ایک اور ٹیبلٹ اِستعمال کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ جب تک یہ مکمل طور پر تحلِیل نہ ہوجائے تب تک اسے زبان کے نِیچے رکھا جائے۔




5 اگر ٹیبلٹ اِستعمال کرنے کے پانچ منٹ بعد انجائنا کم نہیں ہوتا ہے تو، خوراک کو دُہرائیں۔

6 اگر مزید پانچ منٹ کے بعد بھی انجائنا برقرار رہتا ہے تو، تیسری ٹیبلٹ اِستعمال کریں۔ اگر تکلِیف برقرار ہے تو، فوراً ایمبولنس کو کال کریں۔

# انجائِنا

انجائنا سِینے کی تکلِیف یا درد ہے جو دل کے پٹھوں میں خُون کے بہاؤ کو محدُود کرنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ سختی، بھاری پن یا درد کا اِحساس عام طور پر سِینے کے بیچ میں ہوتا ہے اور پسینہ، سانس کی قِلت اور متلِی کے ساتھ گردن، بازُوؤں یا نچلی ٹھوڑی تک پھیلا ہوا ہے۔ انجائِنا کے مُمکنہ محرکات میں جسمانی سرگرمی، جذباتی تناؤ، انتہائی سردی یا گرمی اور زیادہ مقدار میں کھانے شامل ہیں۔

# انجائِنا ادوِیات

نائٹریٹس اینٹی اینجائنل ادوِیات کا ایک گرُوپ ہیں جو خُون کی نالیوں کو پھیلانے کا سبب بنتے ہیں۔ اس سے دل کے لِیے بدن کو اور اسی طرح دل کو خُون پمپ کرنا آسان ہو جاتا ہے۔

گلیسرائیل ٹرینیٹریٹ ایک فوری الاثر نائٹریٹ دوا ہے جو انجائِنا کے حملوں کے لِیے ہوتی ہے۔ سبلینگیوئل ٹیبلٹ سب سے عام خوراک کی شکل ہے۔